
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : اقبال اختر

# پہاڑ جیسے
# چڑیا اچھی لگتی تھی



کہانی : ایلس میک لرن
ترجمہ : عامرہ عالم
تصویریں : عدیل الظفر

| | | |
|---|---|---|
| ٹیچر کیلئے نوٹ | • | یہ کتاب چھٹی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں رد و بدل کر سکتی ہیں۔ |

## سیشن 1

| | | |
|---|---|---|
| 15 منٹ | • | کتاب کھولنے سے پہلے ٹیچر تختہ سیاہ پر سبق کا عنوان لکھیں۔ |
| | • | ٹیچر کچھ وقت نام رکھنے یا نام دینے کی ضرورت اور اہمیت پر بچوں کے ساتھ گفتگو کرنے پر صرف کریں۔ بچوں سے فرداً فرداً اپنے نام کا مطلب پوچھیں کہ یہ نام کیوں رکھا گیا ہے؟ |
| | • | اکثر بچوں کو اپنے نام کے معنی نہیں آتے ہوں گے۔ ان سے کہیں کہ دوسرے دن وہ اپنے نام کا مطلب معلوم کر کے آئیں۔ |
| 25 منٹ | • | ٹیچر تختہ سیاہ پر کتاب کا عنوان لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ پہاڑ اور چڑیا کے لفظ سن کر ان کے دماغ میں کس طرح کے الفاظ آتے ہیں اور پھر ان کو بورڈ پر لکھیں اور دیکھیں کہ وہ کہانی میں استعمال ہوئے ہیں یا نہیں۔ |
| | • | ٹیچر بچوں سے کتاب کھولنے کو کہیں اور خود کتاب بلند آواز اور جذبے کے ساتھ پڑھیں۔ سبق سنانے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ مصنفہ نے اس کہانی کے ذریعے کون کون سے جذبوں کی نشاندہی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ٹیچر لفظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ مثلاً دوستی، ہمدردی، پیار، تنہائی وغیرہ وغیرہ۔ |
| | • | اگر کسی بچے کے پاس چڑیاں ہیں تو وہ ان کے بارے میں کلاس کو بتائیں۔ |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • | بچے مختلف چڑیوں اور پہاڑوں اور پہاڑی سلسلوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھ کر لائیں۔ |

## سیشن 2

10 منٹ • پہلے باری باری بچوں سے چڑیوں اور پہاڑوں اور پہاڑی سلسلوں کے نام پڑھوائیں اور ان کو بورڈ پر لکھیں۔ جن بچوں کے پاس بعض نام نہیں ہوں گے وہ ان کو بورڈ سے دیکھ کر اتاریں۔

20 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے کتاب کی فرداً فرداً پڑھائی کروائیں۔ ضرورت کے مطابق ٹیچر پڑھنے اور سمجھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

15 منٹ • مشکل الفاظ اور ان کے معنی انگریزی ترجمہ کے ساتھ بچوں سے پوچھ پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان کو اپنی کاپیوں میں اتاریں۔ (ٹیچر بھی معنی بتلانے میں بچوں کی مدد کریں)۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پتھریلا | rocky یا stoney | احساس | feeling |
| صاف شفاف | clean and clear | گنگناتا | humming |
| سر | tune | مختصر | short brief |
| کونپل | shoot | برداشت | bear |
| دراڑیں | cracks | ستاتا | to rest |
| سالہا سال | year by year | پھلنے پھولنے | sprout and grow |

گھر کا کام • کہانی میں سے مشکل الفاظ بچے گھر سے پڑھ کر آئیں۔ کل املا ہوگا۔

## سیشن 3

25 منٹ • آج ٹیچر کلاس میں املا لیں۔ بچے کاپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بورڈ پر وہ الفاظ لکھیں اور بچے ان کی تصحیح کریں اور نمبر دیں۔

نوٹ • ٹیچر کام کو ایک نظر اور دیکھ لیں کیونکہ اکثر غلطیاں رہ جاتی ہیں۔

20منٹ • بچے اس ہی وقت غلطیوں کی اصلاح کریں۔ جن بچوں کی کم غلطیاں ہیں وہ ان مشکل لفظوں میں سے 6 سے 8 کے جملے بنائیں۔ باقی کام گھر سے کر کے لائیں۔

## سیشن 4

15 منٹ • ٹیچر بچوں سے خاموشی اور دھیان کے ساتھ کہانی پڑھنے کو کہیں تاکہ وہ سوالوں کے جواب دے سکیں۔ کچھ سوالات کے جواب وہ زبانی دیں گے اور بعض کے جوابات وہ اپنی کاپیوں میں لکھیں گے۔

## زبانی سوالات

10 منٹ (۱) آپ کے خیال میں چڑیا کا نام خوشی کیوں رکھا گیا؟

(۲) گھونسلا بنانے کے لئے چڑیا کو کن چیزوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے؟

(۳) کتنے قسم کی حسیں (senses) ہوتی ہیں؟ پہاڑ نے کن حسوں کو محسوس کیا؟

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ حواس خمسہ پانچ ہوتے ہیں۔

دیکھنے کی حس۔ سونگھنے کی حس۔ چکھنے کی حس۔ چھونے کی حس اور سننے کی حس۔

(۴) کہانی میں کون سے جملے ہیں جن سے پہاڑ اور چڑیا کی لمبی یا مختصر عمر کا اندازہ ہوتا ہے؟

(۵) پہاڑ کے 'دل ٹوٹنے' کا کیا مطلب ہے؟

(۶) پہاڑ کیوں دکھی تھا اور کہانی کے کس جملے سے پتا چلتا ہے کہ آخر کار وہ خوش ہو گیا؟

• جس وقت بچے کہانی پڑھ رہے ہوں اس دوران ٹیچر چند سوالات بورڈ پر لکھیں جو ان کو اپنی کاپیوں میں لکھ کر کرنا ہوں گے۔

## تحریری کام

15 منٹ

(۱) چڑیا نے پہاڑ کے پاس ہر بہار میں آنے کا کیوں وعدہ کیا؟ وہ اس کے پاس صرف بہار ہی میں کیوں آ سکتی تھی؟

(۲) جھرنے کس طرح بنتے ہیں؟

(۳) پودا کس طرح اگتا ہے۔ اس کے لئے کن چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟

گھر کا کام 5 منٹ

- اوپر دیئے گئے سوالات اگر مکمل نہ کر سکیں تو گھر سے کر کے لائیں۔ بچے گھر سے ایک کہانی یا نظم پیار، دوستی، ہمدردی یا تنہائی کے موضوع پر لکھ کر لائیں۔ جس میں مرکزی کردار کوئی بھی ہو سکتا ہے۔

## سیشن 5

30 منٹ

- آج بچوں کے ساتھ گرامر پر کام کریں۔ بچوں کو تین گروپوں میں تقسیم کریں اور پہلا گروپ اسم، دوسرا فعل اور تیسرا صفت کہانی میں سے ڈھونڈ کر اپنی کتاب میں underline کریں۔ پھر یہ الفاظ بلیک بورڈ پر لکھے جائیں اور بچے ان کو اپنی کاپیوں میں اتاریں۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں کو کچھ واحد الفاظ کہانی میں سے دیں اور ان سے جمع بنانے کو کہیں۔ مثلاً
پہاڑ، پودا، پرندہ، بادل، ستارہ، چڑیا، گھونسلہ، بہار، جھرنا، بیج، جڑ، سال، کیڑا، تنکا، شاخ۔
ٹیچر دو تین مثالیں بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں مثلاً

پودا     پودے     گھونسلا     گھونسلے

- ٹیچر بچوں کو ''دوبارہ'' اور ''واپس'' کا مطلب جملے بنا کر اور بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں اور پھر ان سے دو دو جملے ان لفظوں سے بنوائیں۔ مثلاً
ٹیچر نے بچوں سے کام دوبارہ کر وایا۔
میں دوپہر کو واپس گھر جاؤں گا۔

| | |
|---|---|
| نوٹ | • ٹیچر ان الفاظ کا فرق بچوں کو سمجھائیں۔ |

## سیشن 6

| | |
|---|---|
| 30 منٹ | • آج ٹیچر بچوں سے چند کہانیاں / نظمیں جو وہ لائے ہیں بلند آواز سے پڑھوائیں اور ان سے چڑیا اور پہاڑ کی جو صفات اس میں ہیں ان کی نشاندہی کروائیں۔<br>• پھر ٹیچر بچوں کو اس کہانی / نظم کو آسان الفاظ میں سمجھائیں اور بعض چڑیوں / پرندوں کی خصوصیات بچوں کو بتائیں۔<br>• ٹیچر بچوں کو تشبیہ کا مطلب سمجھائیں۔ |
| 10 منٹ | • ٹیچر بورڈ پر چند تشبیہات لکھیں جو بچے اپنی کاپیوں میں اتاریں۔ مثلاً<br>(۱) طوطے کی طرح آنکھیں پھیرنا / بدلنا۔<br>(۲) عقاب کی نگاہ۔<br>(۳) کبوتر کی طرح امن پسند۔<br>(۴) کوئل کی طرح سریلی آواز۔<br>(۵) مور کی طرح خوبصورت۔<br>(۶) کوے کی طرح کالا۔<br>(۷) الو کی طرح احمق۔<br>(بچوں کو بتائیں کہ مغربی ممالک میں الو کو دانشمندی کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔) |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • کچھ محاورے پہاڑ اور چڑیا پر ڈھونڈ کر لائیں۔ |

## سیشن 7

15 منٹ

- بچے جو محاورے چڑیا اور پہاڑ پر لائے ہیں وہ پڑھ کر سنائیں اور جن بچوں کے پاس بعض محاورے نہیں ہیں وہ بلیک بورڈ سے اپنی کاپیوں میں اتار لیں۔ ٹیچر ان کا مطلب جملے بنا کر سمجھائیں۔ بچے خود بھی ان کو جملوں میں استعمال کریں۔ یہ کام بورڈ پر ہو سکتا ہے۔
- اس کے بعد ٹیچر تھوڑا تھوڑا ان کے بارے میں بتائیں۔ پھر بچوں کو الگ الگ گروپوں میں تقسیم کریں اور ہر گروپ گھر میں کسی بڑے کی مدد سے یا لائبریری یا کسی کے پاس موجود کتاب سے تفصیلات جمع کریں۔ ہر گروپ ایک کتاب کی شکل میں اپنا یہ کام کر کے ٹیچر کو دے گا۔ اس طرح کے کام کو تحقیقی کام یا research work کہتے ہیں۔ اس کام کے لئے بچوں کو کم از کم تین دن کا وقت دیا جائے۔ بچے کتاب میں تصاویر بھی بنائیں اور ان کو عنوان بھی دیں۔

30 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کو معلوم ہے کہ . . .
- دن اور رات کیسے بنتے ہیں۔
- جھرنے کیسے بنتے ہیں۔
- پودا کیسے اُگتا ہے۔
- water cycle کے بارے میں کیا معلوم ہے۔

## سیشن 8

15منٹ

- ٹیچر بچوں سے فرداً فرداً سبق کی پڑھائی کر وائیں اور کوشش کریں کہ وہ بچے ضرور پڑھیں جو نسبتاً پڑھائی میں کمزور ہیں۔

30 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ پہاڑ اور چڑیا کی اس کہانی کو اپنے الفاظ میں لکھیں۔

- اس کے بعد آخر میں اس کہانی کا تجزیہ کریں کہ ان کو یہ کہانی کیسی لگی۔

## مشورہ

- بچوں کو فیلڈ ٹرپ پر چڑیا گھر یا کینجر جھیل / کلری جھیل لے جایا جا سکتا ہے تا کہ ان کی معلومات پورے طور پر مکمل ہوسکیں۔
- migratory birds پر فلم دکھائی جا سکتی ہے۔

# پہاڑ جسے چڑیا اچھی لگتی تھی

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

ہم Pak-Arab Refinery Limited کے شکر گزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk